© rasailojaraid.com



# علم الفواصل

## ایک عمومی تعارف

یاسر عرفات اعوان

قرآن مجید اللہ تبارک وتعالیٰ کی آخری الہامی کتاب ہے جو آخری نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی یہ کتاب مبین اپنے زمانہ نزول سے لے کر آج تک بغیر کسی تحریف و تبدل کے اپنی اصلی حالت میں محفوظ ہے کیونکہ اس کی حفاظت کا ذمہ رب العلمین نے خود لیا ہے ارشاد باری تعالی ہے: اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ (الحجر/۹) (ہم نے اس ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم اس کے محافظ ہیں) تکوینی طور پر تحفیظ قرآن کے لیے جن وسائل کا اہتمام کیا گیا ان میں سے ایک اہم وسیلہ علم الفواصل ہے جو قرآن کی سورتوں، آیات اور کلمات وحروف کی تعداد کی حفاظت پر محیط ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے رسول اکرم ﷺ سے آیات اور سورتوں کی شکل میں قرآن مجید حاصل کیا اور پھر یہ آسمانی صحیفہ طبقہ تابعین کو صحابہ سے ضبط، روایات اور عدد الآی کے ساتھ وصول ہوا۔ جنہوں نے تحفیظ وانتقال میں اپنا کردار بھرپور طور پر نبھایا۔ اور مستقل ایک علم، (علم الفواصل) کو بنیادیں فراہم کیں۔

### فواصل - لغوی معنی (Lexical Definition)

فواصل فاصلہ کی جمع ہے جس کا مادہ ف ص ل ہے فصل عربی زبان میں متعدد معانی کا حامل ہے دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ کو فصل کہتے ہیں اسی طرح جسم میں ہر وہ جگہ جہاں دو ہڈیوں کا ملاپ ہوتا ہے اسے بھی فصل کہتے ہیں ایک چیز کو دوسری سے کاٹ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دینا ،الگ کر دینا بھی فصل کہلاتا ہے اور قضاء بین الحق والباطل کو بھی فصل کہتے ہیں[۱]۔
فاصلہ کی اصطلاح کو متعدد علوم عربیہ میں استعمال کیا گیا ہے مثلاً علم نحو میں بصریین اور کوفیین کے ہاں یہ عماد کے مقام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور علم عروض میں فاصلہ صغری اور فاصلہ کبری کی اصطلاحیں استعمال ہوتی ہیں ۔علوم القرآن میں یہ اصطلاح اواخر آیات کے لیے مستعمل ہے۔جس طرح شعر میں قافیہ ہوتا ہے۔

## اصطلاحی معنی (Technical Definition)

قاضی ابوبکر باقلانیؒ فواصل کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''الفواصل حروف متشاكلة في المقاطع يقع بها افهام المعاني''[۲] یعنی فواصل جملے کے آخر میں آنے والے باہم مشابہ وموافق حروف کو کہتے ہیں کہ جن سے معنی کی تفہیم آسان ہو جاتی ہے علامہ دانیؒ کے ہاں یہ تعریف ملتی ہے "الفاصلة كلمه آخر الجملة"[۳] علامہ جملہ کے آخری کلمہ کو فاصلہ کہتے ہیں۔امام زرکشیؒ لکھتے ہیں : "الفاصلة وهي كلمة آخر الاية ،كقافية الشعر و قرينة السجع" [۴] یعنی فاصلہ قرآنی آیت کے آخری کلمہ کو کہتے ہیں جو شعر کے قافیہ اور سجع سے ملتا جلتا ہے۔علم الفواصل کی ایک جامع تعریف عبدالرزاق علی ابراہیم نے کی ہے وہ لکھتے ہیں؛

''هو علم يبحث فيه عن احوال آيات القرآن من حيث عدد الآيات من كل سورة وما هو راس الآية وماخاتمتها'' [۵]۔علم الفواصل ایک ایسا علم ہے کہ جس میں آیات قرآنیہ کے بارے میں ہر سورۃ میں آیات کی تعداد کے اعتبار سے بحث کی جاتی ہے۔اور آیات کے رووس (فواصل) وخواتم کے بارے میں جانا جاتا ہے۔

فاصلہ اور راس آیت: آیت کے سرے کو راس آیت کہتے ہیں اور جمہور کے نزدیک فاصلہ اور راس آیت دونوں ہم معنی ہیں۔

### وجہ تسمیہ:

آیات کے سروں کو فواصل کا نام اس لیے دیا گیا کہ اس جگہ دو کلام ایک دوسرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


سے الگ ہوتے ہیں اور آیت کا اخیر اس آیت اور بعد والی آیت کے درمیان فصل پیدا کرتا ہے رووس آیات کے لیے فاصلہ کی اصطلاح قرآن مجید سے ماخوذ ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ (حٰمٓ السجدۃ/۳)

## فواصل کی پہچان:

فواصل کی پہچان کے لیے پانچ طرق بیان کیے جاتے ہیں کہ جن کے ذریعہ ان کی شناخت آسان ہو جاتی ہے۔ لیکن ان طرق سے اسی صورت میں کام لیا جائے گا جب کسی کلمہ کے راس آیت ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں واضح نص اور روایت موجود نہ ہو کیونکہ نص و روایت کی موجودگی میں انہی پر عمل ہو گا۔ ذیل میں مذکور طرق قیاسی طرق کہلاتے ہیں۔

۱- مستقیم و صحیح ملکہ اور کامل لیاقت: بار بار غور و فکر کرنے سے ایک استعداد پیدا ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے آیت والے کلمات اور ان کلمات کی جن پر آیت نہیں ہے کے درمیان تمیز کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

۲- مساوات: اس کا مطلب ہے آیت کا چھوٹی اور بڑی ہونے میں اپنے سے پہلی اور مابعد والی آیات کے برابر ہونا چنانچہ سورۃ البقرۃ سے سورۂ براءت تک جتنی سورتیں ہیں ان کی اکثر آیات بڑی ہیں اور ان کے بعد والی سورتوں کی اکثر آیات کسی قدر چھوٹی ہیں اور الشعراء سے آخرِ قرآن تک کی آیتیں اور بھی چھوٹی ہیں۔

۳- مشاکلہ: آیت کا حرف روی (آخری حرف) میں یا ماقبل حرف میں پہلی اور بعد والی آیات کے ہم شکل اور موافق ہونا جیسے سورۃ اخلاص کی آیات ہیں کہ جن میں آخری حرف سب میں یکساں ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ آیت کی پہلی اور بعد والی آیت کے ساتھ حرف روی سے پہلے حرف میں یکسانیت پائی جائے جبکہ وہ مدہ ہو یا لین جیسے سورۃ الفاتحہ کی سات آیات (مساوات میں مذکورہ قاعدہ اکثری ہے لیکن کبھی توقیف اور نقل کی پیروی کے سبب اس کے خلاف بھی ہوتا ہے)

۴- اجماع و اتفاق: اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کلمہ کے ہم شکل دوسرے کلمات پر آیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شمار کرنے میں شمار کے اماموں کا متفق ہونا

۵- کمال وانقطاع: یعنی اس پر کلام ختم ہو جاتا ہے اور ترکیب کی رو سے بعد والے کلام کا محتاج نہیں ہوتا جیسا کہ وقف تام اور کافی میں ہوتا ہے۔

## فواصل کی اقسام

فواصل کی ایک سے زائد بڑی تقسیمیں کی گئی ہیں امام زرکشیؒ ۶ اور علامہ سیوطیؒ ۷ نے ربط بالآیات کے اعتبار سے فواصل کی چار اقسام ذکر کی ہیں اور ان پر تفصیلی کلام کیا ہے ذیل میں ان چار اقسام کا مختصر تعارف ذکر کیا جارہا ہے۔

۱: تمکین ۲: تصدیر ۳: توشیح ۴: ایغال

تمکین: اسے ائتلاف القافیہ بھی کہتے ہیں یہ وہ فاصلہ ہے جو آیت کریمہ سے ایسا کامل و مستحکم ربط رکھتا ہو کہ اس کے علاوہ کسی اور فاصلہ کی گنجائش نہ نکلے دونوں کے معانی میں کلی مناسبت ہو اس فاصلہ کو محذوف کرنے سے مضمون مکمل نہ ہو سکے اور باذوق سامع کی فطرت سلیمہ خود اسے پورا کرے یا کم از کم اس کی کمی کا احساس کرلے یہ فاصلہ آیت کے تفصیلی مضمون کا ایک خلاصہ ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ (ہود/۸۷)

اب اس آیہ مبارکہ میں عبادت کا ذکر ہے اور اس کے بعد اموال میں تصرف مذکور ہے لہذا یہ بات حلم اور رشد کا ذکر ترتیب کے ساتھ ہونے کی مقتضی تھی کیونکہ حلم عبادت کے مناسب ہے اور رشد کی مناسبت مال و دولت سے ہے۔

تصدیر: تصدیر کہتے ہیں کہ فاصلہ ٹھہرنے والا لفظ بعینہ ویسا ہی لفظ ہو جو آیت کے شروع میں پہلے آچکا ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے اس کی مزید تین قسمیں ذکر کی ہیں۔

(۱) فاصلہ کا آخر اور صدر کلام کا آخری کلمہ دونوں باہم موافق ہوں جیسے فرمایا گیا:

اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (النساء/۱۶۶)

(۲) صدر کلام کا اول کلمہ فاصلہ کے آخری کلمہ کے موافق ہو جیسے ارشاد ہوا: وَ هَبْ لَنَا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مِنۡ لَّدُنۡکَ رَحۡمَةً اِنَّکَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ (ال عمران/۸)

(۳) فاصلہ کا آخری کلمہ صدر کلام کے کسی نہ کسی کلمہ کے موافق ہو جیسا کہ فرمایا گیا:
اُنۡظُرۡ کَیۡفَ فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ ؕ وَلَلۡاٰخِرَةُ اَکۡبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَکۡبَرُ تَفۡضِیۡلًا (بنی اسرائیل/۲۱)

توشیح: یہ وہ فاصلہ ہوتا ہے جس کو آیت کا ابتدائی حصہ مستلزم ہو تصدیر اور توشیح میں فرق ہے توشیح کی دلالت معنوی ہوتی ہے جبکہ تصدیر کی دلالت لفظی ہوتی ہے ارشاد باری تعالی ہے؛ اِنَّ اللّٰهَ اصۡطَفٰۤی اٰدَمَ (آل عمران/۳۳)

اس میں لفظ اصطفٰی لفظی اعتبار سے اس بات پر کبھی دلالت نہیں کرتا کہ اس آیت کا فاصلہ العالمین ہوگا کیونکہ اصطفٰی کا لفظ العالمین سے جداگانہ لفظ ہے مگر باعتبار معنی ضرور دلالت کر رہا ہے اس لیے کہ اصطفٰی کے لوازم میں سے ایسی شئے کا ہونا معلوم ہے جو کہ اپنی جنس سے چیدہ اور برگزیدہ ہو اور ان مصطفین کی جنس العالمین ہی ہے۔

ایغال: یہ فاصلہ امعان بھی کہلاتا ہے یہ وہ فاصلہ ہوتا ہے جس کو کسی نکتہ اور فائدہ کے تحت ایسی آیت کے آخر میں ذکر کیا جائے جسکا مضمون اس کے بغیر پورا ہو چکا ہو۔ قرآن میں ارشاد ہوا ہے؛ اتَّبِعُوۡا مَنۡ لَّا یَسۡـَٔلُکُمۡ اَجۡرًا وَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ (یٰسٓ/۲۱)

اب اس ارشاد میں وھم مھتدون ایغال ہے اس لیے کہ اگر اس کو ذکر نہ کیا جائے تو بھی کلام کے معنی پورے ہوتے ہیں کیونکہ رسول لا محالہ راہ یافتہ ہوتے ہیں مگر رسولوں کی پیروی کے لیے لوگوں کو ابھارنے اور ترغیب دینے میں ایک قسم کا مبالغہ مقصود تھا اس لیے اس فاصلہ کو ذکر کیا گیا ایک اور اعتبار سے فواصل کی پانچ اقسام کی گئی ہیں۔

(۱) مطرف (۲) متوازی (۳) مرصع (۴) متوازن (۵) متماثل

مطرف: اسے معطوف بھی کہتے ہیں دو فاصلے اگر وزن میں باہم مختلف ہوں لیکن حروف سجع میں باہم متفق ہوں جیسے سورہ نوح میں قول باری تعالی ہے؛ مَا لَکُمۡ لَا تَرۡجُوۡنَ لِلّٰهِ وَقَارًا (نوح/۱۳) وَقَدۡ خَلَقَکُمۡ اَطۡوَارًا (نوح/۱۴)

متوازی: کہتے ہیں کہ جب دو فاصلے وزن و قافیہ کے اعتبار سے تو متفق ہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اور فاصلہ اولی کا لفظ دوسرے فاصلہ کے لفظ سے وزن وتقفیہ میں مقابل نہ ہو یعنی ان میں تضاد نہ ہو تو اسے متوازی کہتے ہیں جیسے سورہ غاشیہ میں ارشاد ہوا ہے؛ فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ (الغاشیہ/۱۳) وَّأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ (الغاشیہ/۱۴)

مرصع: جب دو فاصلے وزن و قافیہ میں دونوں جہتوں سے متفق ہوں اور پہلے فاصلہ کی بات دوسرے فاصلہ میں ویسی ہی مقابل واقع سورۃ الغاشیۃ میں ارشاد باری تعالی ہے؛ إِنَّ إِلَيْنَآ إِيَابَهُمْ (الغاشیہ/ ۲۵) ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (الغاشیہ/۲۶)

اور سورۃ انفطار میں ہے؛ إِنَّ الْأَبْـرَارَ لَفِي نَعِيمٍ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ (الانفطار/۱۳-۱۴)

اب اس میں وزن اور قافیہ بھی ہے اور متفق بھی ہیں لیکن بات دونوں میں مقابل بیان ہوئی ہے

متوازن: اس کا مطلب ہے کہ دو فاصلوں کے درمیان تقفیہ کے بغیر وزن میں موافقت ہو جائے جیسا کہ سورۃ الغاشیۃ کی دو آیات ہیں؛ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ (الغاشیہ/۱۵-۱۶)

متماثل: پہلا فاصلہ قافیہ بندی کے بغیر دوسرے فاصلے کے ساتھ وزن میں مساوی ہو لیکن پہلے فاصلے کے افراد دوسرے فاصلہ کے افراد کے مقابلے میں آئیں (افراد سے مراد فاصلہ کے حروف ہیں) اسکی مثال سورۃ الصافات کی دو آیات ہیں؛ وَآتَيْنَـٰهُمَا الْكِتَـٰبَ الْمُسْتَبِينَ وَهَدَيْنَـٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ (الصافات/۱۱۷-۱۱۸)

اس میں کتاب اور صراط، مستبین اور مستقیم باہم متوازن ہیں۔ لیکن حروف کا اختلاف ہے۔

تماثل اور تقارب کے اعتبار سے فواصل کی دو اور قسمیں امامؒ زرکشیؒ نے تحریر کی ہیں (ا) الفواصل المتماثلۃ اور (ب) الفواصل المتقاربہ۔[۸]

قرآن عظیم میں موجود فواصل کے حروف متماثل ہوتے ہیں یا متقارب ہوتے ہیں۔ متماثلۃ کی مثال سورۃ الطّور کی درج ذیل آیات:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


وَالطُّوْرِ (۱) وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ (۲) فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ (۳) وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ (۴) وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ (۵) اور فواصل متقاربہ کی مثال؛ سورۃ ق کی آیات: قٓ. وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ (۱) بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ (۲) ہیں۔

فواصل کی بنیاد: رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرام کو آیات کی تعلیم وقف کے ذریعے دی قرآن عظیم میں موجود فواصل کی بنیاد یا دارومدار وقف پر ہے۔ آیات قرآنیہ کے مرادی معنیٰ کی تفہیم کے لیے علم الوقف والابتداء کا جاننا ضروری ہے۔

حروف مدہ ولین: قرآن عظیم میں زیادہ تر فواصل کا اختتام حروف مدہ وحروف لین اور نون ملحقہ پر کیا گیا ہے امام زرکشیؒ لکھتے ہیں کہ اسکی حکمت یہ ہے کہ اس سے قراء وسامعین کے قلوب میں نشاط پیدا ہوتا ہے وہ اپنے ہاں سیبویہ کا قول نقل کرتے ہیں؛ سیبویہ کہتے ہیں کہ عرب جب اپنی زبان میں ترنم ونغمگی پیدا کرنا چاہتے ہیں تو کلمات کے آخر میں الف، واو، یا، لاتے ہیں (آخر میں نون ہو یا نہ ہو) اور ایسا اس لیے کرتے تھے کہ آواز کو بڑھایا جاسکے (مدصوت کے لیے یہ حروف معاون ہوتے ہیں) ۹۔ کلمات میں حروف مدہ ولین کے موجود ہونے کے سبب قرآن ایسی عمدگی سے متصف ہوکر آیا ہے کہ اس کے وقوف آسان تر اور اسکے حصے شیریں تر ہیں مثال میں کلام مجید کی کئی سورتیں پیش کی جاسکتی ہیں جیسے طہٰ، نجم اور عبس وغیرہ۔

## قرآن عظیم اور سجع

قرآنی آیات میں موجود موزونیت اور ہم آہنگ الفاظ کی رعایت نے اہل علم کے درمیان ایک نئی بحث کو جنم دیا کہ قرآن میں سجع ہے کہ نہیں۔ اس میدان میں سجع کے اثبات اور نفی کرنے والے علماء نے اپنے دلائل پیش کیے جو قرآنی علوم کے ادب کی کتب میں مذکور ہیں: ابتدائی علماء میں سے علامہ باقلانیؒ نے اپنی معروف تصنیف اعجاز القرآن میں فی نفی السجع من القرآن کے عنوان سے ایک پوری فصل باندھی ہے جس میں قرآن مجید میں سجع ثابت کرنے والوں کا مدلل رد کیا ہے اور بتایا ہے کہ قرآنی الفاظ کی ہم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آہنگی اور سجع میں کوئی نسبت نہیں ہے۔

کلام الٰہی کا ربط ونظم معجزہ ہے اور انسانی نظم ونثر ایسی مثال پیش کرنے سے قاصر ہیں قرآن کا نظام فواصل لگے بندھے قوانین و قیود سے پاک ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے الفوز الکبیر میں قرآن مجید کے اسلوب بدیع پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ قرآنی نظم ونسق کے حوالہ سے بحث کو ڈاکٹر صبحی صالح نے بڑے عمدہ انداز میں سمیٹا ہے وہ لکھتے ہیں کہ قرآن پاک میں نہ تو ایسے فواصل ہیں جن میں اشعار کے قوافی کی طرح حرکات و سکنات کی پابندی اور مخصوص اوزان کی رعایت کرنی پڑتی ہے اور نہ ہی اس میں وہ نظم ونسق ہے جسے موزوں بنانے کے لیے حشو وتطویل اور مکررات ومحذوفات کا سہارا لیا جاتا ہے اور یہ کلام بھرتی کے ان الفاظ سے معری ہے جنہیں محض سخن آرائی کے لیے اکٹھا کر دیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں کلام ایہام وغرابت اور تعقیدات کا شکار ہو جاتا ہے[۱۰]۔ حاصل یہ ہے کہ قرآنی فواصل شعری قیود سے آزاد ہیں تو نظم قرآنی فنی پابندیوں سے بالاتر اور اس کلام کے الفاظ ہر طرح کی لفظی ومعنوی تعقیدات سے محفوظ ہیں۔

سجع کے بارے میں معتبر رائے یہی ہے کہ قرآن عظیم سجع سے پاک ہے اور اس کے فواصل کے لیے سجع کی اصطلاح کا استعمال درست نہیں ہے

## آیات قرآنیہ کا شمار

علم الفواصل کا موضوع قرآنی آیات ہیں اور ان آیات کا مدار نقل پر ہے۔ نبی اکرم ﷺ آیات کا شمار فرماتے تھے۔ سیدۃ ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنھا کی روایت ہے کہ آپ ﷺ نے سورۃ فاتحہ کی آیات انگلیوں سے شمار فرمائیں[۱۱]۔ صحابہ کرام اور تابعین عظام آپ ﷺ کی پیروی میں انگلیوں پر آیات گنتے تھے اور صحابہ کرامؓ نے آیات کے شمار اور انکے فواتح ومقاطع کے سیکھنے اور سکھانے کا بہت اہتمام کیا۔ اور ارتقائی منازل طے کر کے یہ علم آئمہ شمار تک پہنچا۔ قرآنی آیات کا شمار ابتدائی طور پر گیارہ حضرات سے منقول ہے جو مکہ، مدینہ، کوفہ، بصرہ اور شام سے تعلق رکھتے تھے ان آئمہ سے بعد میں سات شمار (مدنی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اول، مدنی اخیر، مکی، کوفی، بصری، دمشقی اور حمصی) معروف ہوئے۔ آیات کے شمار میں آئمہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ قرآنی آیات توقیفی ہیں اور ان کی ترتیب خود رسول اکرم ﷺ کی بتائی ہوئی ہے لیکن آیات کی متعین تعداد پر ایمان لانا ضروری نہیں ہے اس لیے کہ حدیث رسول سے تعداد کی تعیین ثابت نہیں ہے مولانا گوہر رحمانؒ نے قاضی ابن عربی کا ایک قول نقل کیا ہے فرماتے ہیں: وتعديد الآيات من معضلات القران (قرآن کی آیات کا گننا قرآن کے مشکلات میں سے ہے) ۱۲؎۔ اختلاف شمار سے آیات کے توقیفی ہونے پر فرق نہیں پڑتا اس لیے کہ اس علم میں توقیف کے معنی ہیں کہ صحابہ کرام نے قرآن مجید کے الفاظ اور اسکی آیات اور انکا شمار تینوں چیزیں نبی کریم ﷺ سے سنی ہیں یہ اختلاف اجتہاد و توقیف کے منافی نہیں ہے اس واسطے کہ آپ ﷺ نے صحابہ کو آیات کی تعلیم ان پر وقف کر کے دی ہے۔ اس بارے میں قرآنی کلمات کی تین صورتیں بنتی ہیں:

وہ کلمات جن پر آپ ﷺ نے ہمیشہ وقف کیا یہ اجماعا اور ساتوں ائمہ (یعنی ساتوں شمار) کے ہاں آیات کے شمار میں شامل ہیں جن کلمات پر ہمیشہ وصل کیا وہ اجماعا متروک ہیں، اور جن کلمات پہ کبھی وقف ثابت ہے اور کبھی وصل اس قسم میں اختلاف ہے۔ وقف کی صورت میں تین احتمال ہیں اور وصل کی صورت میں دو احتمال ہیں۔

وقف کی صورت میں: ۱۔ وقف اس لیے کیا ہو کہ یہ آیت کا آخری سرا ہے ۲۔ اس لیے وقف کیا گیا ہو کہ آگے بڑھنے کے لیے سانس میں قوت آجائے، ۳۔ وقف کا طریقہ بتانا مقصود ہو۔

وصل کی صورت میں ایک احتمال یہ ہے کہ وصل سے مقصود یہ بتانا ہو کہ یہ آیت کا سرا نہیں ہے اور دوسرا یہ کہ وصل اس لیے ہو کہ یہ آیت کا سرا تو نہیں ہے لیکن پہلی بار جو وقف کیا تھا وہ آیت کی تعلیم دینے کے لیے تھا پھر جب آپ ﷺ مطمئن ہو گئے کہ صحابہ نے اس مقام پر آیت کے ہونے کو سمجھ لیا ہے تو پھر وصل کر دیا۔ پس ان احتمالات کے ساتھ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ اس جگہ آیت ہے یا نہیں ہے۔ اور ان مقامات پر فیصلہ اجتہاد کے ذریعہ ہی کیا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


## توقیفی واجتہادی کی بحث

علم الفواصل کے توقیفی یا اجتہادی ہونے کے حوالہ سے دو طبقات سامنے آئے ایک طبقہ نے پورے علم کو توقیفی قرار دیا جبکہ دوسرے نے ایک حصہ توقیفی اور دوسرا حصہ اجتہادی ٹھہرایا۔ دونوں طبقات نے اپنے حق میں دلائل پیش کیے جو علم الفواصل کے ذخیرہ ادب میں موجود ہیں۔ دو مختلف الرائے فریقین میں سے دوسرے فریق کی رائے کو علماء کی اکثریت نے راجح قرار دیا ہے۔ علم قرات وعلم فواصل کے ممتاز ہندی عالم قاری فتح محمد پانی پتیؒ دوسرے گروہ کی رائے کو قابل ترجیح ٹھہراتے ہیں لیکن بڑے عمدہ انداز سے بحث کو سمیٹتے ہوئے اس پورے علم کی توقیفیت کے اثبات کا جواز پیش کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ آیات کی تمام جزئیات کی بجائے کچھ جزئیات کے بارے میں نصوص آئیں، منصوص جزئیات سے مستنبطہ قواعد کلیہ کی بناء پر غیر منصوص کو ان کی طرف لوٹایا گیا اب اس علم کو توقیفی ونقلی کہنا درست ہوگا کیونکہ غیر منصوص جزئیات کا حکم بھی منصوص جزئیات سے نکالا جارہا ہوتا ہے۔[۱۳]

## علم الفواصل کا ذخیرہ ادب

علم الفواصل پر مستقل طور پر لکھی گئی کتب میں بعض وہ تصانیف ہیں جو محفوظ نہیں کی جاسکیں اور بعض ایسی ہیں جو ابھی تک مخطوطات کی صورت میں موجود ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس علم کے بارے میں مطبوع ادب بھی کافی سارا ہے اس علم پر لکھی گئی کتب کو تین قسموں میں بانٹا جاسکتا ہے۔ (۱) مفقود ادب (۲) مخطوطات (۳) مطبوع ادب

رووس آیات کے مفقود ادب میں سے اہم کتاب " بغیة الواصل لمعرفة الفواصل " ہے جو حنبلی عالم نجم الدین الطوّفی الصرصری (۶۷۰-۷۱۰ھ) نے تصنیف کی تھی اس کے علاوہ شمس الدین ابن الصائغ (۷۱۰ھ-۷۷۶) کی کتاب "اِحکام الرای فی اَحکام الآی" بھی رووس آیات پر لکھی گئی ایک اہم تصنیف تھی جو محفوظ نہ رہ سکی۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اس کتاب کے بعض حصے نقل کیے ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲) مخطوطات: مخطوطات کی صورت میں موجود کتب میں "منظومة فی فواصل میم الجمع" اور "القول الوجیز فی فواصل الکتاب العزیز" ہیں جو بالترتیب محمد الخروبی اور رضوان المخلاتی کی تصانیف ہیں۔

(۳) مطبوع: مطبوع کتب میں عبدالفتاح القاضی کی لکھی ہوئی "نفائس البیان: شرح الفرائد الحسان فی عد آی القرآن" ہے۔اس میدان میں سب سے اہم مطبوع کتاب علامہ ابوعمرو الدانیؒ کی "البیان فی عد آی القرآن" ہے جس کو امام ابوالقاسم شاطبیؒ نے "ناظمة الزهر فی علم الفواصل" کے نام سے نظم کی صورت دی۔اور بعد میں ناظمة الزہر کی متعدد شروح تحریر کی گئیں۔

مستقل کتب کے علاوہ فواصل و رووس کی ابحاث علمائے علم الکلام، مفسرین و علمائے قرآن، نحویین اور علمائے علم بلاغہ کی تصانیف میں شامل رہی ہیں۔علامہ رمانی کی تصنیف "النکت فی اعجاز القرآن"، علامہ باقلانیؒ کی "اعجاز القرآن"، یحیی بن زیاد الفراء کی "معانی القرآن"، ابوعبیدة کی "مجاز القرآن"، علمائے قرآن میں امام بدرالدین الزرکشیؒ کی تصنیف "البرهان فی علوم القرآن" اور علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی "الاتقان فی علوم القرآن"، میدان بلاغت کے علماء کی تصانیف میں ابن سنان الخفاجی کی "سر الفصاحة" اور ابن قیم الجوزیة کی "الفوائد المشوق الی علوم القرآن و علم البیان" میں فواصل کو بھی موضوع بحث بنایا گیا ہے۔

علم الفواصل پر دور جدید میں بھی اہل علم نے کتب و مضامین کی صورت میں کام کیا ہے جن کو تین طبقات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) پہلا طبقہ وہ ہے کہ جس نے قدیم علماء کی کاوشوں ہی کو جمع کیا ہے۔ان میں ڈاکٹر احمد احمد بدوی، لبیب السعید اور کامل السید شاہین شامل ہیں۔(۲) دوسرا طبقہ وہ ہے کہ جس نے جمع و تدوین سے بڑھ کر بحث و ترجیح کو اختیار کیا اور اس میدان میں بعض اضافوں کا باعث بنے اس طبقہ میں مصطفیٰ صادق الرافعی، محمد عبدالوہاب حمودة، علی الجندی محمد مبارک، عائشہ عبدالرحمٰن اور عبدالکریم شامل ہیں۔(۳) تیسرے طبقہ نے فواصل پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بحث کرتے ہوئے نئی ابحاث (رووس آیات کی موزونیت ونغمیت، جمالیاتی پہلو) کا آغاز کیا جنہیں قدماء نے ذکر نہیں کیا۔ اس طبقہ میں اہم شخصیت سید قطبؒ کی ہے علم الفواصل کے موضوع پر معاصر کاوشوں میں ایک عمدہ کاوش محمد الحسناوی کی تصنیف ''الفاصلة فی القرآن'' ہے جو دار عمار، اردن نے شائع کی ہے۔ یہ کتاب قدماء ومعاصر اہل علم کی علم الفواصل کے میدان میں مساعی بارے معلومات کا احاطہ کیے ہوئی ہے۔

## حواشی ومراجع


۱۔ ابن منظور، لسان العرب، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، ۱۹۹۷، ۱۰/۵/۷۔۲۷۳

۲۔ ابوبکر محمد بن الخطیب الباقلانی، اعجاز القرآن، المطبعة السلفیة، القاہرہ، ۱۳۴۹، ص ۲۰۵

۳۔ امام بدرالدین محمد بن عبداللہ الزرکشی، البرھان فی علوم القرآن، دارالمعرفة للطباعة والنشر والتوزیع، بیروت، ۱۹۹۴، ۱/۵۳

۴۔ حوالہ مذکور

۵۔ عبدالرزاق علی ابرہیم، مرشد الخلان الی معرفة آی القرآن، مطبوعات الجامعة الاسلامیة بالمدینة المنورة، ط: ۱۴۱۰ھ، ص ۳۰

۶۔ البرھان، ۱/۹۸۔۷۸

۷۔ جلال الدین سیوطی، الاتقان فی علوم القرآن، سہیل اکیڈمی، لاہور، پاکستان، الطبعة الثالثة ۱۴۰۸ھ/۱۹۸۷م، ۲/۱۰۴۔۱۰۱

۸۔ البرھان، ۷۴۔۷۲

۹۔ البرھان، /۶۹۱۔۶۸

۱۰۔ صبحی صالح، مباحث فی علوم القرآن، دارالعلم للملایین، بیروت، لبنان، الطبعة الثالثة، ۱۹۶۴، ص ۳۴۰

۱۱۔ ابوعمرو الدانی الاندلسی، البیان فی عد آی القرآن، تحقیق الدکتور غانم قدوری الحمد، مرکز المخطوطات والتراث والوثائق الکویت، الطبعة الاولی ۱۹۹۴م ص ۶۳

۱۲۔ گوہر رحمان، علوم القرآن، مکتبہ تفہیم القرآن، مردان، اگست ۲۰۰۲، ۱/۱۸۱

۱۳۔ قاری فتح محمد پانی پتی، کاشف العسر شرح ناظمة الزھر، قدیمی کتب خانہ کراچی، ص ۱۴۰۔۱۳۹


© rasailojaraid.com